© rasailojaraid.com

# مطبوعات

تاریخ نظریہ پاکستان | پروفیسر سید محمد سلیم ۔ ناشر: ادارۂ تعلیمی تحقیق، تنظیم اساتذہ پاکستان۔ ۸ ۔ اے ذیلدار پارک، اچھرہ، لاہور۔

تین سو بارہ صفحات کی کتاب، اچھے کاغذ، نفیس طباعت اور سبز ٹائیٹل کے ساتھ۔

قیمت: ۶۰/ روپے۔

پروفیسر سید محمد سلیم صاحب خادمانِ دین، علمبردارانِ اُردو، کارپردازانِ تعلیم اور محققینِ تاریخ سب کے محسن ہیں۔ انہوں نے جتنی کتابیں اب تک لکھی ہیں وہ وسیع اثرات رکھتی ہیں۔ تازہ کتاب تاریخ نظریۂ پاکستان سیاسی اور دینی اہمیت کے ساتھ تاریخی وزن رکھتی ہے۔ خاص اس موضوع پر پچھلے دو تین سال میں کئی کتابیں آچکی ہیں۔ مگر پروفیسر صاحب کے کام میں نئے پہلو ہیں۔ مثلاً وہ اپنی کتاب کے ذریعے یہ ثابت کرتے ہیں کہ نظریہ پاکستان کسی وقتی منفی ردِ عمل کا نتیجہ نہیں تھا۔ بلکہ جہاں اس کی بنیادیں مثبت ہیں وہاں وہ تناظر بڑا وسیع ہے جس سے پاکستان کا نظریہ اور اس کے لیے تحریک اُٹھی۔ پاکستان مسلمانوں کی دو صد سالہ جد وجہد کا ثمرہ ہے۔ سید صاحب کی نظر کی رسائی کہ انہوں نے آدم پر ہونے والی پہلی وحی سے دو قومی نظریہ کی بنیاد تلاش کر لی۔

پھر سید صاحب اسلامی اعتقاد و حکمت کی جھلک دکھاتے ہیں۔ پھر ہندوستان میں مسلمانوں اور اسلام کی آمد کا حال لکھتے ہیں۔ اکبری دور میں جب اسلام میں مذہبی آمیزش کا دور شروع ہوا تو حضرت مجدد نے "رجوع الی القرآن والسنۃ" کی پکار کے ساتھ اس کا سختی سے توڑ کیا۔ یہاں تک کہ ہندوؤں، مسلمانوں میں مذہبی اور قومی وحدت کی اس بھرپور سرکاری کوشش

© rasailojaraid.com